سوال

ہاتھ پر مہندی لگانے کا حکم

جواب

للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، اَما بعد!

عورت کے لیے زیب وزینت اختیار کرنے کی ممانعت نہیں ہے۔

ثاد باری تعالی ہے :

أَوَمَن يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ (الزخرف : 18)

(اس نے اسے رحمان کی اولاد قرار دیا ہے) جس کی پرورش زیوروں میں کی جاتی ہے اور وہ جھگڑے میں بات واضح کرنے والی نہیں ؟ ۔

البتہ اجنبی مردوں کے سامنے زینت کو چھپانے کا حکم دیا گیا ہے۔

ثاد باری تعالی ہے :

وَقُل لِّلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا (النور : 31)

اور مومن عورتوں سے کہہ دے اپنی کچھ نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینت ظاہر نہ کریں مگر جو اس میں سے ظاہر ہو جائے۔

ہے۔

واللہ أعلم بالصواب